عالیہ سال اول

پرچہ نمبر ۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأهل السنة باکستان

**شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الأولى" للبنات الموافق سنة ١٤٣٧ھ 2016ء**

| الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الأولى: العقائد و الكلام | مجموع الأرقام: ۱۰۰ |
|---|---|---|

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

## القسم الاول.....عقائد نسفی

سوال نمبر 1:۔(ا) اشیاء کی حقیقتوں کے ثابت ہونے کے بارے میں اختلاف کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(۲) حواس کا مفرد ذکر کریں نیز بتائیں کہ حواس خمسہ کون کونسے ہیں ان میں سے کسی دو کی تشریح کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔(ا) ذات باری تعالٰی کی کوئی آٹھ صفات بیان کریں۔ ۱۰

(۲) قرآن کی تعریف قلمبند کریں نیز قرآن کے مخلوق یا غیر مخلوق ہونے کے بارے میں اپنا مذہب سپرد قلم کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔(ا) عذاب قبر کے ثبوت پر قرآن و حدیث سے ایک ایک دلیل سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۲) ایمان کی تعریف کرنے کے بعد بتائیں کہ کیا ایمان میں اضافہ اور کمی ہوتی ہے یا نہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵

## القسم الثانی.....الحق المبین

سوال نمبر 4:۔ علماء اہل سنت پر تکفیر کے الزامات کا جواب تحریر کریں۔ ۲۵

سوال نمبر 5: افضلیت و اصالت مصطفویہ ﷺ پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ ۲۵

سوال نمبر 6:۔ اہل سنت اور اہل دیوبند کے مذہب کے مابین موازنہ (فرق) بیان کریں۔ ۲۵

پرچہ نمبر 2

عالیہ سال اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف **تنظيم المدارس** لأهل السنة باكستان

**شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الأولى" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٧هـ 2016ء**

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الثانية: الميراث** | مجموع الأرقام: ١٠٠

آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔(۱) علم فرائض کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں۔ ۱۵

(۲) اس علم کو علم الفرائض کہنے کی وجہ تحریر کریں نیز اس کی فضیلت احادیث مبارکہ کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔(۱) موانع ارث تفصیلاً تحریر کریں۔ ۱۵

(۲) استحقاق وراثت میں تقدیم وتاخیر کے اعتبار سے عصبات کی تفصیل سپرد قلم کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔(۱) ذوی الارحام کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ ۱۵

(۲) تصحیح کی تعریف کریں نیز تصحیح کے کوئی دو طریقے تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:۔ (۱) باپ کے کل کتنے اور کون کونسے احوال ہیں؟ ۱۵

(۲) حقیقی بہنوں کے کل کتنے اور کون کونسے احوال ہیں؟ ۱۵

سوال نمبر 5:۔درج ذیل ورثاء میں ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟ (صرف چار اجزاء کا حل مطلوب ہے) ۴×۱۰= ۴۰

(۱) میـــــــــــــــــــت

خاوند — ماں — حقیقی بھائی

(۲) میـــــــــــــــــــت

خاوند — والد — والدہ

(۳) میـــــــــــــــــــت

۲ علاتی بہنیں — چچا

(۴) میـــــــــــــــــــت

بیوہ — بیٹی — حقیقی بہن

(۵) میـــــــــــــــــــت

زوجہ — بیٹی

(۶) میـــــــــــــــــــت

حقیقی بہن — ماں — بیٹا

عالیہ سال اول

پرچہ نمبر 3

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوي النهائي تحت إشراف **تنظيم المدارس** لأهل السنة باكستان

**شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الأولى" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٧ھ 2016ء**

---

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الثالثة: الفقه** | مجموع الأرقام: ١٠٠

---

پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دوسوال حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ **لاينعقد نكاح المسلمين الا بحضور شاهدين عاقلين بالغين مسلمين رجلين او رجل وامرأتين عدولا كانا او غير عدول او محدودين في القذف**

(۱) عبارت کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ قید کا فائدہ تحریر کریں۔ ۲۰

(۲) مذکورہ مسئلہ میں امام مالک اور باقی ائمہ کا اختلاف ہے؟ آپ اسکی وضاحت کریں۔ ۲۰

سوال نمبر2:۔ **ولايجوز اجبار البكر البالغة على النكاح خلافا للشافعي له الاعتبار بالصغيرة وهذا لأنها جاهلة بامر النكاح لعدم التجربة ولهذا يقبض الاب صداقها بغير امرها**

(۱) عبارت کا ترجمہ وتشریح قلمبند کریں۔ ۱۰

(۲) باکرہ بالغہ لڑکی کی رضامندی کے بغیر اسکا نکاح کردینا کیسا ہے؟ اس بارے میں احناف وشوافع کا اختلاف مع الدلائل لکھیں۔ ۲۰

سوال نمبر3:۔ **الكفاءة في النكاح معتبرة قال عليه الصلوة والسلام "ألا لايزوج النساء الا الأولياء ولايزوجن الا من الاكفاء"**

(۱) عبارت کا ترجمہ کریں اور کفاءۃ کا لغوی واصطلاحی معنی لکھیں۔ ۱۰

(۲) وہ کون سے امور ہیں جن میں احناف کے نزدیک کفاءۃ معتبر ہے؟ ۲۰

سوال نمبر4:۔ (۱) مہر مثلی، خلوت صحیحہ اور نکاح فاسد کی تشریح کریں۔ ۱۵

(۲) طلاق احسن، طلاق سنت اور طلاق بدعت کی تعریف کریں۔ ۱۵

عالیہ سال اول

پرچہ نمبر ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأھل السنۃ باکستان

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية "السنة الأولیٰ" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٧ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الرابعة : لمسند الامام الاعظم، ولآثار السنن | مجموع الأرقام: ١٠٠

دونوں قسموں سے دو، دو سوال حل کریں۔

**القسم الأوّل ....... لمسند امام اعظم**

سوال نمبر 1:۔ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال کل مولود یولد علی الفطرۃ فابواہ یھودانہ وینصرانہ قیل فمن مات صغیرا یا رسول اللہ ﷺ قال: اللہ أعلم بما کانوا عاملین.

(ا) حدیث پاک کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ یہودی اور نصرانی کسے کہتے ہیں؟ — ١٠

(۲) کفار کی نابالغ اولاد کے بارے میں کیا حکم ہے؟ آیا کافر اور دوزخی ہیں یا مؤمن اور جنتی؟ اختلاف ائمہ سپرد قلم کریں۔ — ١٥

سوال نمبر 2:۔ عن انس بن مالک قال قلنا یا رسول اللہ ﷺ لمن تشفع یوم القیامۃ قال لأھل الکبائر واھل العظام واھل الدماء

(ا) ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ اھل الکبائر اور اھل العظام سے کیا مراد ہے؟ کوئی دو احتمال تحریر کریں۔ — ١٠

(۲) کافر اور مخلد فی النار کیلئے شفاعت ہوگی یا نہیں؟ نصوص قرآنیہ اور احادیث نبویہ کی روشنی میں جواب دیں۔ — ١٥

سوال نمبر 3:۔ عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ ﷺ طلب العلم فریضۃ علی کل مسلم

(ا) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ — ١٠

(۲) مذکورہ حکم صرف مردوں کیلئے ہے یا مردوں عورتوں سب کیلئے؟ نیز بتائیں کہ کونسا علم فرض عین ہے اور کونسا فرض کفایہ؟ تفصیلاً تحریر کریں۔ — ١٥

**القسم الثانی .... لآثار السنن**

سوال نمبر 4:۔ عن عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ لا صلوۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب

(ا) حدیث شریف کا ترجمہ وتشریح قلمبند کریں۔ — ١٠

(۲) نماز میں فاتحہ کی قرأت فرض ہے یا واجب؟ اختلاف ائمہ مع الدلائل تحریر کریں۔ — ١٥

سوال نمبر 5:۔ عن ابی سلمۃ رضی اللہ عنہ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ انہ کان یصلی بھم فیکبر کلما خفض و رفع فاذا انصرف قال انی لاشبھکم صلوۃ برسول اللہ ﷺ

(ا) حدیث پاک کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی صرفی بحث تحریر کریں۔ — ١٠

(۲) رکوع وسجدے میں جاتے وقت اور سجدے سے سر اٹھاتے وقت تکبیر واجب ہے یا سنت یا مشروع؟ اس بارے میں احناف کا مذہب مع الدلائل سپرد قلم کریں۔ — ١٥

سوال نمبر 6:۔ عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ من زار قبری وجبت لہ شفاعتی.

(ا) مذکورہ حدیث پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ — ١٠

(۲) رسول اللہ ﷺ کے روضہ مبارک کی زیارت کی فضیلت وترغیب پر ایک مضمون قلمبند کریں۔ — ١٥

عالمیہ سال اول

پرچہ نمبر 5

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأهل السنة باکستان

**شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الأولى" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٧ھ 2016ء**

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الخامسة: للمؤطين** | مجموع الأرقام: ١٠٠

نوٹ: دونوں قسموں سے دو، دو سوال حل کریں۔

**القسم الاول ... لمؤطا الامام مالك**

ال نمبر1:۔ **عن زید بن اسلم عن رجل من بنی ضمرة عن ابیه قال سئل رسول الله ﷺ عن العقیقة فقال لا احب العقوق وکانه کره الاسم وقال من ولد له ولد فاحب ان ینسک عن ولده فلیفعل**

(ا) حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) عقیقہ میں کیسا جانور ذبح کیا جائے؟ نیز بتائیں کہ لڑکی اور لڑکے کے عقیقہ میں کیا فرق ہے؟ ۱۵

ال نمبر2:۔ **عن عبد الله بن عمر کان یقول لارضاعة الا لمن ارضع فی الصغر ولا رضاعة لکبیر**

(ا) حدیث پاک کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) اکثر مدت رضاعت کے بارے میں اختلاف ائمہ تحریر کریں۔ ۱۵

ال نمبر3:۔ **مالک عن ابن شهاب انه اخبره ان رجلا اعترف علی نفسه بالزنا علی عهد رسول الله ﷺ وشهد علی نفسه اربع مرات فامر به رسول الله ﷺ فرجم**

(ا) حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) حد کا لغوی و شرعی معنی بیان کریں نیز بتائیں کہ اقرار کیلئے مجلس کا مختلف ہونا شرط ہے یا نہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵

**القسم الثانی ...... لمؤطا الامام محمد**

ال نمبر4:۔ **عن ابن عمر انه کان اذا رعف رجع فتوضأ ولم یتکلم ثم رجع فبنی علی ما صلی**

(ا) حدیث شریف کا ترجمہ کر کے بتائیں کہ نکسیر کے علاوہ اور کن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ ۱۵

(۲) وضو کی سنتیں تحریر کریں۔ ۱۰

ال نمبر5:۔ **عن ابن عمر انه قال ما صلی علی عمر الا فی المسجد**

(ا) ترجمہ کریں اور مسجد میں نماز جنازہ کے جواز و عدم جواز میں فقہاء کرام کا اختلاف قلمبند کریں۔ ۱۵

(۲) غائبانہ نماز جنازہ کے بارے میں احناف کا مذہب مع الدلائل تحریر کریں۔ ۱۰

ال نمبر6:۔ **ان ابن عمر کان یبعث بزکوة الفطر الی الذی تجمع عنده قبل الفطر بیومین او ثلثة**

(ا) حدیث پاک کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ صدقۂ فطر عید سے پہلے ادا نہ کیا جائے تو ساقط ہو جاتا ہے یا نہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵

(۲) صدقۂ فطر فرض ہے یا واجب؟ فقہاء کا اختلاف بیان کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عالیہ سال اول — پرچہ نمبر 6

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنة باکستان

**شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الأولى" للطالبات الموافق سنة ١٤٣٧ھ 2016ء**

الوقت المحدد: ثلث ساعات — **الورقة السادسة: لأصول الحديث** — مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔(۱) کیا رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے زمانے میں احادیث مبارکہ لکھی جاتی تھیں۔ اپنا موقف دلائل سے ثابت کریں۔ ۲۰

(۲) علم حدیث کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں ان میں سے ہر ایک کی تعریف اور موضوع سپرد قلم کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل اصطلاحات میں سے کسی پانچ کی تعریف تحریر کریں۔ ۳۰

(۱) مرفوع (۲) موقوف (۳) مقطوع (۴) متصل (۵) مدرج (۶) ضعیف (۷) غریب

سوال نمبر 3:۔(۱) امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور فتنہ خلق قرآن پر ایک نوٹ قلمبند کریں۔ ۱۵

(۲) امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی حدیث اور فقہ کے موضوع پر لکھی گئی کوئی پانچ کتب کے نام لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:۔(۱) امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ ابتداءً شافعی تھے، انکے حنفی مسلک اختیار کرنے کی وجہ سپرد قلم کریں۔ ۱۵

(۲) صحیح بخاری و صحیح مسلم کا مکمل نام لکھیں دونوں کتابوں میں موازنہ کر کے ان میں سے ارجح کی نشاندہی کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 5:۔(۱) امام ترمذی نے اپنی جامع میں بعض خاص اصطلاحات کا استعمال کیا ہے آپ ان میں سے درج ذیل کی وضاحت کریں۔ ۱۵

فلان ذاهب الحديث ، هذا حديث غريب ، هذا حديث حسن

(۲) سنن ابی داؤد کی کوئی پانچ خصوصیات تحریر کریں۔ ۱۵